26/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

مہا کمبھ

مہا کمبھ میلہ 2025 آج مہا شو راتری کے موقعہ پر اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ آج صبح سے ہی تروینی سنگم پر بڑی تعداد میں شردھالو پوتر سنان میں حصہ لے رہے ہیں

13 جنوری کو شروع ہونے والے مہا کمبھ میلے میں 64 کروڑ سے زائد شردھالوں نے حصہ لیا ۔ حکام نے پورے پریاگ راج میں سیکورٹی سمیت دیگر پختہ انتظامات کئے ہیں ۔

مہا شو راتری

ملک کے مختلف حصوں میں مہا شو راتری کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ کشمیری پنڈت برادری نے مہا شو راتری جس سے وہ ہیرت کے نام سے مناتے ہیں، کے سلسلے میں کل رات گھروں میں وَٹُک پوجا کی ۔ پنڈت برادری ہیرت کے دوسرے دن کو سلام کے طرز پر مناتے ہیں ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،وزیر اعظم نریندر مودی ، لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا،وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، کابینہ وزرائ، ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری اور کئی دیگر اہم سماجی و سیاسی شخصیات نے لوگوں کو مہا شو راتری کی مبارک باد دی ہے ۔ ملک کے مختلف حصوں میں مقیم پنڈت برادری کے لوگوں نے ہیرت کے موقعہ پر اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ 1994 میں پارلیمنٹ نے اتفاق رائے سے ایک قرار داد پاس کی تھی جس کے تحت پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے حصے کو بھارت کا ایک اٹوٹ انگ قرار دیا گیا اور اس وقت نرسمہا راو کی قیادت والی کانگریس کی سرکار تھی ۔

ملاقات

آل سکھ مائنارٹی ایمپلائیز ایسو سی ایشن اور آل ایمپلائیز جوائنٹ ایسو سی ایشن کشمیر کی چیر پرسن جَگمیت کور بالی کی صدارت میں ایک وفد نے جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے فیڈریشن جموں Rafting ایسو سی ایشن جموں اور Brick Klinملاقات کی ۔ بھارتیہ کسان یونینوں، کشمیر کے وفود نے بھی ایل جی سے ملاقات کی ۔

ڈیلٹا فورس میٹنگ

ڈوڈہ ، کشتواڑ اور رام بن اضلاع میں دہشت گردی مخالف گرڈ کو مضبوط کرنے کی غرض سے اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اعلیٰ CRPFڈیلٹا فورس کے ہیڈ کوارٹر پر فوج ، پولیس ، عہدیداروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں تمام سیکورٹی ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت اجا گر کی گئی ۔

درخشاں اندرابی

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کل گُمٹ جموں میں تاریخی بابا روشن شاہ زیارت کے متصل مسجد کی فرشکاری کی شروعات کیں ۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مساجد اور زیارتوں پر بنیادی سہولیات میں بہتری لانا وقف بورڈ کے تبدیلی کے منصوبے کا ایک حصہ ہے ۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے دریائے جہلم کے فلڈ بیسن علاقوں کے تعین اور ان کی نشاندہی کے لئے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران فلڈ بیسن زونز کو نوٹیفائی کرنے کی غرض سے قواعد و ضوابط پر غور و خوض کیا گیا ۔

ای ۔ اُنت ایوارڈ

جموں کشمیر انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ای - اُنت پروجیٹ کے لئے ٹیکنالوجی سبھا ایوارڈ 2025 کنونشن میں دیا گیا ۔ Novotel سے سرفراز کیا گیا ہے ۔ محکمہ کو یہ ایوارڈ کل حیدر آباد کے

NHM

مشن ڈائریکٹر نیشنل ہیلتھ مشن ناظم ضیاءخان نے کل مرکزی وزارت صحت و خاندانی بہبود کے کنٹرول پروگرام Hepatitis ڈویژن کے اشتراک سے میڈیکل افسروں اور نیشنل وائرل NVHCP کے ضلع کوارڈی نیٹروں کے لئے دو روزہ صلاحیت سازی پروگرام کا افتتاح کیا ۔

IICT

بورڈ فار ٹیسٹنگ اینڈ کیلیبریشن نے انڈین انسٹی چیوٹ آف کار پیٹ Accreditation نیشنل ٹیکنالوجی نو شہرہ سرینگر میں قائم کار پیٹ ٹیسٹنگ لیبارٹری کی ایکریٹیشن کی تجدید کی ہے ۔

اس پہل سے کشمیر میں ہاتھ سے تیار ہونے والے قالینوں کی بر آمدات کو بڑے پیمانے پر فروغ حاصل ہوگا۔اس حوالے سے IICT کے ڈائریکٹر زبیر احمد نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

موسم

وادی کے بالائی علاقوں میں کہیں کہیں پر کل سے وقفے وقفے سے بارشیں اور ہلکی برفباری ہو رہی ہے جبکہ میدانی علاقوں میں ہلکی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ